دعائے چہل کاف

غوث صمدانی محبوب سبحانی سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ایسی دعاء ترتیب دی تھی جس نے دنیائے طلسمات کو حیرت زدہ کر دیا اس دعاء کا تعارف ایک طویل مضمون کا متقاضی ہے جو کسی اور موقعے پر پیش کی جائیگی فی الوقت اس دعاء کی مختصر خاصیت نقل کی جاتی ہے

۱۔ برائے آسیب زدہ سرسوں کے تیل پر چالیس مرتبہ پڑھ کر مالش کرادیں تو آسیب دفع ہوگا۔

۲۔ اگر کسی کے دردسر کہنہ ہو جائے اور کسی علاج سے نہ جاتا ہو تو ماہ صفر المظفر کے آخری چہار شنبہ کو چہل کاف لکھ کر باندھیں۔ دردسر انشاء اللہ فوراً دور ہوگا۔

۳۔ اگر کسی کو درد چشم ہو تو گلاب کے پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اور آنکھوں پر ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔

۴۔ اگر کسی کے پیٹ شدید درد ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے درد شکم والے کو کھلائے۔ انشاء اللہ درد فوراً دور ہو جائے گا۔

۵۔ اگر چہل کاف کو لکھ کر دانتوں میں دبائے اور ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور مشتبہ آدمیوں کو سامنے رکھے جو چور ہوگا۔ انشاء اللہ رونے لگے گا۔ اور اقراری ہوگا۔

۶۔ اگر کسی کی جوڑو میں درد ہو تو چہل کاف کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر بازو میں باندھے انشاء اللہ دفع ہوگا۔

۷۔ اگر کسی شخص کو بواسیر خونی یا بادی ہو تو چہل کاف بلی کی کھال پر لکھ کر گلے میں باندھے اور اور سات عدد سفید کاغذ پر لکھ کر علی الصبح پلائے۔ انشاء اللہ بواسیر خونی یا بادی دور ہوگی

۸۔ اگر کسی شخص کو کوئی دشمن ایذ پہنچاتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو شب دوشنبہ چالیس بار پڑھ کر دشمن کی گھر کی طرف دم کرے انشاء اللہ ایذ ارسانی سے باز آئے گا۔

۹۔ اگر کسی شخص کا کوئی دشمن ہو اور اس کو دشمنی سے روکنا مقصود ہو تو درمیان عصر مغرب کے بروز شنبہ ستر مرتبہ پڑھے۔ قبرستان میں بیٹھ کر اور پرانی قبر کی مٹی پر دم کر کے دشمن کے مکان میں ڈالے، انواع واقسام کی مصیبتوں میں مبتلا ہو جائے گا، اور دشمنی ترک کر دے گا اس کی اجازت لینا ضروری ہے

۱۰۔ اگر شخص کسی کی زبان بدگوئی سے بند کرنا چاہے تو چہل کاف کو ستر مرتبہ نمک پر پڑھ کر دشمن کے گھر پر ڈالے انشاء اللہ زبان بدگوئی سے بند ہو گی۔

۱۱۔ زبان بدگوئی سے بند کرنے کیلئے چہل کاف کو شنگرف کی ڈلی پر لکھ کر یا شنگرف سے لکھ کر کھلائے تو زبان بدگوئی سے بند ہو گی۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص قیدی کو آزاد کرانا چاہے تو روٹی پر چہل کاف لکھ کر ایک ہفتہ کھلائے تو قیدی انشاء اللہ آزاد ہو گا۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص اپنے مطلوب کو مائل اپنی طرف کرنا چاہے تو مشک زعفران سے لکھ کر مطلوب کے راستہ میں دفن کرے۔ انشاء اللہ مطلوب بے چین و بے قرار ہو کر حاضر ہووے گا۔

۱۴۔ اگر چہل کاف کو میٹھے تیل پر ایکسو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور بالوں میں مالش کرے تو باد راز ہو جائیں گے۔

۱۵۔ اگر مار گزیدہ یعنی سانپ کے کاٹے کو ایک سو ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے یا چھینٹے مارے تو ہوش میں آ جائے اور انشاء اللہ صحت یاب ہو گا۔

۱۶۔ اگر کسی عقیم یا عقیمہ کو چھو ہارہ میں دم کر کے ایام سے پاک ہونیکے بعد کھلائے۔ تین ماہ تک اکیس چھو ہارے ہر مرتبہ اور ہر چھو ہارہ پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے کھلائے انشاء اللہ با اولاد ہووے۔

۱۷۔ اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑتے ہو تو پیپل کے پتے پر لکھ کر مصروع کے بند پر ملیں تو انشاء اللہ آرام و سکون ہو گا۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص چاہے پریوں سے ملاقات کروں تو جمعہ کی رات کو چالیس مرتبہ پڑھے اور بخور جلائے۔ تو انشاء اللہ پہلا جمعہ یا دوسرے یا تیسرے جمعہ کے روز پریاں حاضر ہوں گی۔

۱۹۔ دفع وسوسہ شیطانی کے دور کرنے کے واسطے گیارہ مرتبہ روز پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ چند روز میں وسوسہ شیطانی دور ہوگا۔

۲۰۔ اگر کوئی عورت بدکارہ ہو تو گلاب کے پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سنگھائے، چند بار کے عمل سے انشاء اللہ بدکاری سے باز آجائے۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص سنگرہنی کے مرض میں مبتلا ہو تو قند پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر کھلائیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

دعائے چہل کاف یہ ہے **كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِينٍ كَانَ مِنْ كُلْكٍ تَكِرُّ كِرّاً كَكَرِّ الْكَرِّ فِي كَبَدٍ تَحْلِي مُشَكْشَكَةً كَكِلْكِ الْكَلِكِ كَفَاكَ مَا بِي كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَةٍ وَيَا كَوْكَبُ كَانَ تَحْكِي كَوْكَبَ الْفَلَكِ**